ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(682)

مورخہ 23.12.2023

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، ضلع بھر میں نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے شراب فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ، جاری آپریشن کے دوران گزشتہ 02 روز کی مختلف کارروائیوں میں 25 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں دیسی شراب ، چالو بھٹیاں اور منشیات برآمد ، ملزمان پابند سلاسل ۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جاری احکامات کی روشنی میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنیز، بغداد الجدید، عباس نگر، مسافرخانہ، سمہ سٹہ، خیر پور ٹامیوالی ،صدر احمد پور شرقیہ، نوشہرہ جدید، دھوڑ کوٹ، اوچشریف، ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ ڈیراور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 22 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2940 لیٹر دیسی شراب اور 10 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔جبکہ تھانہ کینٹ، تھانہ دھوڑ کوٹ اور تھانہ سول لائنیز پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 500 گرام چرس اور 30 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، ضلع بھر میں نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے شراب فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ، جاری آپریشن میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں دیسی شراب کی کھیپ و چالو بھٹیاں برآمد